**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2025**

**Islamiyat Paper I**

**Time: 55 minutes Marks: 30**

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 30 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ درج ذیل نِکات کو پڑھیے۔

- تمام الہامی کتب کی نگہبانی
- تمام الہامی کتب کے لیے گواہی
- تمام الہامی کتب کے لیے صداقت

دیے گئے نِکات قرآنِ مجید کے کس صفاتی نام سے متعلق ہیں ؟

A۔ النور
B۔ البیان
C۔ المھیمن
D۔ التنزیل

2۔ قرآنِ مجید کو معجزاتی کتاب ثابت کرنے کے لیے بہ طورِ طالب علم آپ کون سی دلیل دیں گے؟

A۔ اس کے صفاتی نام بے شمار ہیں
B۔ اس کے موضوعات کی ترتیب منفرد ہے
C۔ اس میں بیان کی گئی پیش گوئیاں سچی ہیں
D۔ اس میں موجود سپاروں کی تقسیم منفرد ہے

3۔ مطالعۂ قرآن اور تلاوتِ قرآن کے نتیجے میں بہ طورِ طالب علم، 'کمرۂ جماعت' میں آپ کو کیا فائدہ ملے گا؟

A۔ دورانِ تدریس یکسوئی حاصل ہوگی
B۔ گھر پہنچ کر والدین کا خیال رکھیں گے
C۔ اسکول کے میدان کی صفائی کا خیال رکھیں گے
D۔ گھر میں قرآنِ مجید کی تلاوت کا اہتمام کریں گے

4۔ وہ مہر جو بر وقت پر ادا کیا جائے، اصطلاح میں اسے کیا کہا جاتا ہے؟

A۔ مہرِ مِثل
B۔ مہرِ مُعَجل
C۔ مہرِ مَوَجَّل
D۔ مہرِ مَوَدَّت

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

5۔ ترجمہ: ''اے لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا یعنی اول اس سے اس کا جوڑا بنایا پھر ان دونوں سے کثرت سے مرد و عورت پیدا کر کے روئے زمین پر پھیلا دیے۔ اور اللہ سے ڈرو جس کے واسطے سے تم ایک دوسرے سے ضروریات پوری کرنے کا مطالبہ کرتے ہو اور قطع رحمی سے بچو، کچھ شک نہیں کہ اللہ تمھیں دیکھ رہا ہے۔'' (النساء: 01)

دی گئی آیت (ترجمہ) کی جامع تعلیم کیا ہے؟

A۔ اللہ تعالیٰ کی تخلیق پر فخر کرنا
B۔ عورت کے حقوق کی پاسداری کرنا
C۔ مردوں اور عورتوں کے حقوق بیان کرنا
D۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد میں توازن پیدا کرنا

6۔ ترجمہ: ''اور یتیموں کا مال جو تمھاری تحویل میں ہو، اُن کے حوالے کر دو اور اُن کے پاکیزہ اور عمدہ مال کو اپنے ناقص اور بُرے مال سے نہ بدلو اور نہ اُن کے مال اپنے مال میں ملا کر کھاؤ کہ یہ بڑا سخت گناہ ہے۔'' (النساء: 02)

دی گئی آیت (ترجمے) کی روشنی میں اگر کوئی شخص دینِ اسلام کے مطابق، کسی یتیم کی پرورش اچھے انداز میں کرتا ہے، تو اس مال کے حوالے سے کس بات کا خاص خیال رکھنا چاہیے؟

A۔ اُس کے مال کو الگ رکھا جائے
B۔ اُس کے مال کو کاروبار میں لگا دیا جائے
C۔ اُس کے مال سے اپنی اور اس کی ضروریات پوری کی جائیں
D۔ اُس کے مال سے اُسے اور اپنی اولاد کو دینی تعلیمات دی جائیں

7۔ ترجمہ: ''اور کم عقلوں کو اُن کا مال جسے اللہ نے تم لوگوں کے لیے سببِ معیشت بنایا ہے مت دو، ہاں! اس میں سے ان کو کھلاتے رہو اور پہناتے رہو اور ان سے معقول بات کہتے رہو۔'' (النساء: 05)

دی گئی آیت (ترجمے) میں کتنی ہدایات بیان ہوئی ہیں؟

A۔ دو
B۔ تین
C۔ چار
D۔ پانچ

Annual Examinations 2025 AKU-EB
for Teaching & Learning only

**دی گئی آیت (ترجمہ) کی روشنی میں سوال نمبر 8 اور 9 کا جواب دیجیے۔**

ترجمہ: ''اور یتیموں کو بالغ ہونے تک کام کاج میں مصروف رکھو اور جانچتے رہو۔ پھر بالغ ہونے پر اگر اُن میں عقل کی پختگی دیکھو تو اُن کا مال اُن کے حوالے کر دو اور اس خوف سے کہ وہ بڑے ہو جائیں گے۔ یعنی بڑے ہو کر تم سے اپنا مال واپس لے لیں گے، اس کو فضول خرچی اور جلدی میں نہ اُڑا دینا اور جو شخص آسودہ حال ہو، اُس کو ایسے مال سے قطعی پرہیز رکھنا چاہیے اور جو ضرورت مند ہو، وہ مناسب یعنی بقدر خدمت کچھ لے لے اور جب اُن کا مال اُن کے حوالے کرنے لگو تو گواہ کر لیا کرو اور حقیقت میں تو اللہ ہی گواہ اور حساب لینے والا کافی ہے۔'' (النساء: 06)

8۔ یتیموں کا مال واپس کرتے وقت کس بات کو پیشِ نظر رکھنا چاہیے؟

A۔ وہ متقی ہوں
B۔ اُن میں شعور ہو
C۔ اُن کے پاس کوئی تعلیمی سند ہو
D۔ وہ جسمانی طور پر صحت مند ہوں

9۔ اگر کوئی یتیم کی پرورش کرتا ہے لیکن وہ خود بھی حاجت مند ہو، تو اُسے کیا کرنا چاہیے؟

A۔ اللہ تعالیٰ سے گڑ گڑا کر مدد مانگے
B۔ صبر کرتے ہوئے ہمت کا مظاہرہ کرے
C۔ اُس کے پیسوں سے اپنی ضروریات پوری کرے
D۔ لوگوں سے اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے مدد مانگے

10۔ ترجمہ: ''جو مال ماں باپ اور رشتے دار چھوڑ کر مریں، تھوڑا ہو یا بہت، اس میں مردوں کا بھی حصہ ہے اور عورتوں کا بھی۔ یہ حصے اللہ تعالیٰ کے مقرر کیے ہوئے ہیں۔'' (النساء: 07)

دی گئی آیت (ترجمے) میں تقسیم کا کون سا اصول بیان ہوا ہے؟

A۔ چھوڑے ہوئے مال کی حفاظت کی جائے
B۔ تقسیم کے وقت غربا کا بھی خیال کیا جائے
C۔ عقل و شعور کی بنیاد پر مال تقسیم کیا جائے
D۔ چھوڑی ہوئی دولت کو مقررہ حصوں کے مطابق تقسیم کیا جائے

Annual Examinations 2025 AKU-EB
for Teaching & Learning only

11۔ سورۃ النساء کی آیت نمبر 8 کے مطابق، تقسیم کے وقت جب غیر وارث رشتہ دار بھی آجائیں، تو اُنھیں تھوڑا بہت مال دینے کے ساتھ مزید کیا کرنا چاہیے؟

A۔ اُن کے والدین کو بھی بلایا جائے

B۔ اُنھیں اسلامی تعلیمات سکھائی جائیں

C۔ اُن سے اچھے انداز میں بات کی جائے

D۔ اُنھیں رشتہ داروں کے حصے بتائے جائیں

12۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا، ترجمہ: ''بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے''۔ (صحیح بخاری)

دی گئی روایت، حدیث کی کون سی قسم سے تعلق رکھتی ہے؟

A۔ حدیثِ قولی

B۔ حدیثِ فعلی

C۔ حدیثِ سکوتی

D۔ حدیثِ قدسی

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

13۔ نصاب میں موجود حدیث نمبر 2 کے مطابق، سب سے بہترین ذکر کسے کہا گیا ہے؟

A۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ

B۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

C۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ

D۔ لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

14۔ ترجمہ: ''ایک دن یا ایک رات جہاد میں بسر کرنا ایک مہینے کے روزے اور نفلی عبادت سے بہتر ہے۔'' (حدیث: 09)

دی گئی حدیث میں ایک رات جہاد میں بسر کرنے کو ایک مہینے کے روزے اور نفلی عبادت سے کیوں بہتر قرار دیا گیا ہے؟

A۔ دین کی سربلندی ہوتی ہے

B۔ غریبوں کا احساس ہوتا ہے

C۔ بھوک و افلاس کا احساس ہوتا ہے

D۔ اسلامی تعلیمات کا صحیح فہم حاصل ہوتا ہے

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

15۔ اَوْلَى النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ اَکْثَرُهُمْ عَلَیَّ صَلَاةً۔ (حدیث: 04)

دی گئی حدیث میں لفظ 'صَلَاةً' سے کیا مراد ہے؟

A۔ نماز
B۔ درود
C۔ اجتماع
D۔ کثرت

16۔ احمد نماز پڑھنے جارہا تھا کہ ایک موٹر سائیکل سوار کی بے توجہی کی وجہ سے راستے میں پڑا گندا پانی احمد کے کپڑوں پر آگیا۔

دی گئی صورتِ حال میں نصاب میں موجود حدیث نمبر 11 کے مطابق احمد کو اس شخص کے ساتھ کیا معاملہ اختیار کرنا چاہیے؟

A۔ بدلہ لے
B۔ بُرا بھلا کہے
C۔ درگزر کرے
D۔ لوگوں سے شکایت کرے

17۔ نصاب میں موجود حدیث نمبر 12 کے مطابق، بہترین انسان بننے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

A۔ نمازِ فجر کی پابندی کرے
B۔ تلاوتِ قرآن کی پابندی کرے
C۔ لوگوں کو اپنی ذات سے فائدہ پہنچائے
D۔ کائنات کو مسخر کرنے کے لیے علم سیکھے

18۔ انبیا علیہم السلام نے دنیا میں **بنیادی** طور پر کس بات کا پرچار کیا؟

A۔ سیاسی اصول
B۔ سائنسی نظریات
C۔ اللہ کی وحدانیت
D۔ کھانے پینے کے آداب

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

19۔ قربِ خداوندی کا سب سے مؤثر ذریعہ کون سا ہے؟

A۔ نماز
B۔ روزہ
C۔ زکوۃ
D۔ حج

20۔ درج ذیل نِکات کو پڑھیے:

- طاقت والا
- دسترس والا
- کشادگی رکھنے والا
- خوش حالی دینے والا

دیے گئے نِکات اللہ تعالیٰ کی کون سی صفات سے متعلق ہیں؟

A۔ سمع و بَصر
B۔ مشیت و بَصر
C۔ قدرت و باسط
D۔ رحمٰن و عالم الغیب

21۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ابتدائی زندگی میں ہونے والے اہم واقعات میں سے 'معاہدِ حلف الفضول' کیوں ہوا؟

A۔ عربوں کا روز روز کی لڑائیوں سے تنگ آکر ایک امن کا معاہدہ کرنا
B۔ زمانۂ جاہلیت کی مشرکانہ رسومات کو ختم کرنے کے لیے ایک معاہدہ کرنا
C۔ عیسائیوں کا حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو شہید کرنے کی سازش کرنا
D۔ قریشِ مکہ کا حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو شہید کرنے کی سازش کرنا

22۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے اپنی ابتدائی زندگی میں پہلا تجارتی سفر کہاں کیا؟

A۔ شام
B۔ عراق
C۔ فلسطین
D۔ ایران

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

23۔ اگر آپ کسی کو دین کی دعوت دے رہے ہیں، تو درج ذیل کون سا انتخاب اپنے پیشِ نظر رکھیں گے؟

A۔ نماز کی اہمیت واضح کریں گے

B۔ دیگر مذاہب کی خامیاں بیان کریں گے

C۔ استقامت و رواداری کا مظاہرہ کریں گے

D۔ زیادہ سے زیادہ اپنی خوبیاں بیان کریں گے

24۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں ہجرت کی فرضیت سے متعلق کون سا بیان درست ہے؟

A۔ سمیر نے اسلامی شعائر پر پابندی کی وجہ سے ہجرت کی

B۔ زوبیہ نے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے بیرونِ ملک ہجرت کی

C۔ عبد اللہ نے اپنے کام کو وسعت دینے کے لیے بیرونِ ملک ہجرت کی

D۔ صلاح الدین نے اپنے علاقے میں مسجد نہ ہونے کی وجہ سے ہجرت کی

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

25۔ درج ذیل نِکات کو پڑھیے:

- جہادِ اکبر
- مشکل وقت میں استقامت کا مظاہرہ کرنا
- لوگوں کو شعور دلانا
- بہ ذریعہ قلم لوگوں میں آگاہی پیدا کرنا

دیے گئے نِکات جہاد کی کون سی دو اقسام سے متعلق ہیں؟

A۔ جہاد بالعلم اور جہاد بالمال

B۔ جہاد باللسان اور جہاد بالنفس

C۔ جہاد بالنفس اور جہاد بالعلم

D۔ جہاد باللسان اور جہاد بالمال

26۔ غزوۂ بدر کے بعد جو کفار قیدی آزادی حاصل نہیں کر سکے، ان قیدیوں کو آزاد کرانے کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے کیا طریقہ اختیار فرمایا؟

A۔ ایک قیدی چار مسلمان بچوں کو لکھنا سکھائے گا

B۔ ایک قیدی چھے مسلمان بچوں کو لکھنا سکھائے گا

C۔ ایک قیدی آٹھ مسلمان بچوں کو لکھنا سکھائے گا

D۔ ایک قیدی دس مسلمان بچوں کو لکھنا سکھائے گا

27۔ حکومتِ پاکستان کو تعلیم کی شرح میں اضافے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

A۔ لوگوں کو مناسب روزگار مہیا کرے

B۔ اساتذہ کی تنخواہوں میں اضافہ کرے

C۔ تعلیم کے لیے لوگوں میں آگاہی فراہم کرے

D۔ اسکولوں کی عمارتوں کی خوب صورتی میں اضافہ کرے

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

28۔ روایات میں 'ریحانۃ النبی' کس عظیم ہستی کو کہا گیا ہے؟

A۔ حضرت امام حسینؓ

B۔ حضرت حسّان بن ثابتؓ

C۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ

D۔ حضرت ابو عبیدہ بن جرّاحؓ

29۔ سیرتِ حضرت امام حسینؓ کی روشنی میں بتایئے کہ عصر حاضر کے مسائل میں کس عنصر کی سب سے زیادہ ضرورت ہے؟

A۔ پاکیزگی کی

B۔ استقامت کی

C۔ فلاحی کاموں کی

D۔ صدقات دینے کی

30۔ مشہور مسلمان سائنس دان، جابر بن حیان نے اپنی ایجادات کے ذریعے لوگوں کو کس چیز پر راغب کیا؟

A۔ تحقیق

B۔ تصنیف

C۔ عبادات

D۔ معاشرت

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only